بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے بی (لیجس-IV (1)/2024 / 4109 مورخہ 03 جنوری 2025ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر 34**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 02 جنوری 2025ء میں متفقہ پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر 34 منجانب جناب رحمت صالح بلوچ، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ ومذید ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

﴿قرارداد﴾

"ہرگاہ کہ ضلع پنجگور جو کہ 10 لاکھ آبادی پر مشتمل ضلع ہے، ایران بارڈر علاقہ جات سے لے کر مکران ڈویژن کا ایک تجارتی سنٹرل پوائنٹ ہونے کی وجہ سے ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ جب کہ اس جدید دور میں بھی ضلع کو 4G سروس (انٹرنیٹ کی سہولیات سے) یکسر منقطع کیا گیا ہے۔ جسکی وجہ سے علاقے کے طلباء، عام عوام تمام دفاتر اور خاص طور پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام جو کہ اہم مدد اور غریب اور نادار لوگوں کو سہارا ہے۔ انٹرنیٹ کی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو رجسٹریشن میں دشواری اور دیگر اہم امور نمٹانے میں سخت مشکلات کا شکار ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ ضلع پنجگور کے گزشتہ 3 سالوں سے بند انٹرنیٹ سروس کو بحال کرنے کی بابت عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے"۔

03/01/25

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:

۱) جناب رحمت صالح بلوچ، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی محرک قرارداد
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب چیئرمین پی ٹی اے، اسلام آباد۔
۴) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۵) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

03/01/25

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner